# ایف جی کالج آف ہوم اکنامکس اینڈ مینجمنٹ سائنسز F-11/1، اسلام آباد

## ٹینڈر نوٹس برائے کالج کینٹین

کالج ہذا کو مالی طور پر مستحکم کنٹریکٹرز/فرمز سے درج ذیل قواعد وضوابط پر سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔

۱۔ کسی بھی گورنمنٹ ادارے یا آرگنائزیشن میں کینٹین چلانے کا کم از کم 3 سالہ تجربہ ہونا چاہیے جس کا ثبوت ٹینڈر کیساتھ منسلک کیا جائے

۲۔ ٹھیکدار اپنے خرچ پر کالج کیمپس میں کالج کے اوقات میں کراکری، کینٹین کیبن، فرنیچر، ریفریجریٹر سمیت تمام ضروری سامان کا بندوبست خود کرے گا اور کینٹین کمیٹی سے منظور شدہ ریٹ لسٹ آویزاں کرے گا جو کہ کم از کم ایک سال کیلئے لاگو ہوگی۔

۳۔ درخواستیں نام، مکمل پتہ، ٹیلی فون نمبرز، شناختی کارڈ کی کاپی بمعہ ٹینڈر فیس اور انکم ٹیکس سیل ٹیکس نمبر کیساتھ تصدیق شدہ نقول 10 مئی 2022 دن بوقت 11:00 بجے تک کالج ہذا میں جمع کروائی جاسکتی ہیں، جو کہ اسی دن کمیٹی کی موجودگی میں بوقت 11:30 بجے کھولی جائیں گی۔

۴۔ کینٹین پر ترجیحی بنیادوں پر خواتین عملہ کام کرے گا اور کنٹریکٹر کو اپنا اور عملے کا ماہانہ ہیلتھ سرٹیفکیٹ CDA سے جاری کردہ جمع کروانا ہوگا۔

۵۔ کامیاب فرمز کو فوڈ آئیٹمز کی کوالٹی اور کینٹین میں صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھنا ہوگا اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کوئی رعایت نہ برتی جائے گی۔

۶۔ کامیاب پارٹی یا فرد کو اپنی اور کینٹین میں تعینات ہونے والے تمام عملے کی سیکورٹی کلیئرنس متعلقہ علاقائی تھانے سے کرا کر جمع کروانی ہوگی کسی بھی قسم کے سیکورٹی لیپس میں ملوث ہونے کی شکایات موصول ہونے کی صورت میں کینٹین کا کنٹریکٹ فوری ختم کر دیا جائے گا اور کنٹریکٹر کو اس فیصلے کو کسی بھی عدالت میں چیلنج کرنے کا کوئی اختیار نہ ہوگا۔

۷۔ کامیاب پارٹی یا فرد اپنے اور کینٹین پر تعینات ہونے والے عملے کے قول و فعل اور کردار کے بارے میں مکمل طور پر ذمہ دار ہوگا اور کسی بھی قسم کی غیر اخلاقی سرگرمی میں ملوث ہونے کی شکایت موصول ہونے پر کینٹین کا کنٹریکٹ فوری ختم کر دیا جائے گا۔

۸۔ کامیاب ہونے والی فرم یا کنٹریکٹر کو وفاقی تعلیمات کے مقرر کردہ نمونے اور SOP کے مطابق اشٹام پیپر پر ایک Agreement کرنا ہو گا اور مبلغ -/50,000 روپے بطور سیکورٹی جمع کروانا ہوگی جو کہ قابل واپسی ہوگی، ٹینڈر کی مدت سالانہ بنیادوں پر بڑھائی جائے گی جبکہ کنٹریکٹ کی معیاد زیادہ سے زیادہ 03 سال ہوگی۔

۹۔ ٹینڈر سے متعلقہ دستاویزات بعوض مبلغ -/500 روپے ناقابل واپسی مورخہ 20 اپریل 2022 سے 10 مئی 2022 تک دفتری اوقات کار میں صبح 09:00 بجے سے دن 11:00 بجے تک ایڈمن آفس سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

۱۰۔ ٹینڈر کی ادائیگی قیمتوں اور فوڈ آئیٹمز (Sample) کی کوالٹی کو مدنظر رکھ کر کی جائے گی۔

نوٹ: غیر تصدیق شدہ نقول اور نامکمل کاغذات پر مشتمل ٹینڈرز مسترد کر دیا جائے گا۔

ایڈمن آفس
ایف جی کالج آف ہوم اکنامکس اینڈ مینجمنٹ سائنسز F-11/1، اسلام آباد
051-9267005

20 اپریل 2022

Fauzia

Dr. Fauzia Tanveer Sheikh
Principal
F.G. College of Home Economics
and Management Sciences,
F-11/1, Islamabad.

Scanned with CamScanner